10/03/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

کھیلو انڈیا

شہرہ آفاق سیاحتی مقام گلمر گ میں آج کھیلو انڈیا ونٹر گیمز کا دوسرا دن ہے ۔ کھیلوں کا رسمی افتتاح لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل شام کئی سینئر عہدیداروں کی موجودگی میں کیا ۔

انہوں نے ملک کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے کھلاڑیوں کا پُر جوش استقبال کرتے ہوئے ان کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا ۔ مزید تفصیلات آکاشوانی نیوز کے سربراہ طارق راتھر کی اس رپورٹ میں ۔

میڈل

کھیلوں کے پہلے دن کل سنو بوڈنگ کے خواتین زمرے میں اُتراکھنڈ کی مینکا گنجال نے پہلی پوزیشن حاصل کر کے گولڈ میڈل جیت لیا جبکہ ہماچل پردیش کی ساکشی ٹھاکر نے دوسری پوزیشن حاصل کر کے چاندی کا تمغہ اپنے نام کیا۔

مردوں کے سنو بوڈنگ زمرے میں جمونو کشمیر کے معراج الدین خان نے پہلا مقام حاصل کر کے سونے کا تمغہ حاصل کیا جبکہ خواتین کے نارڈِک کراس کنٹری پانچ کلو میٹر کے مقابلے میں کرناٹک کی بھوانی Thekkada نے سونے کا تمغہ جیت لیا۔

مردوں کی سکی ماونٹینئرنگ میں آرمی کے راجیشور سنگھ نے سونے کا جبکہ مہاراشٹر کے Siddharth نے چاندی کا تمغہ جیت لیا ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کٹھوعہ ضلع میں ایک کمسن لڑکے سمیت تین افراد کے قتل کی بہیمانہ وارداتات پر زبر دست رنج و غم کا اظہار کیا ہے ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ ہمارے سماج میں اس طرح کی حرکت کی کوئی گنجائش نہیں ہے ۔ انہوں نے غمزدہ کنبوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ۔

کانگریس

پردیش کانگریس کے صدر طارق حمید قرہ نے اِن ہلاکتوں کے بارے میں تشویش کا اظہار کرتے ہوئے جموں کشمیر اور مرکزی سرکار کو ہدف تنقید بنایا ہے ۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ اس طرح کی صورتحال ایک سنگین مسلہ ہے ۔

سنیل شرما

اسی دوران اسمبلی میں اپوزیشن کے لیڈر اور BJP کے جنرل سیکریٹری سنیل شرما نے کچھ دیگر پارٹی لیڈروں کے ہمراہ متاثرہ کنبوں سے ملاقات کر کے ان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ۔

انہوں نے قصورواروں کے خلاف سخت کاروائی کرنے کی یقین دہانی کرائی ۔

ٹولپ گارڈن

سرینگر میں قائم ایشیاءکے سب سے بڑے اندراگاندھی میموریل ٹولپ گارڈن کو رواں ماہ کے تیسرے ہفتے کے آخر تک عوام کےلئے کھولے جانے کا امکان ہے۔

اس بار باغ گلِ لالہ میں 10 لاکھ 70 ہزار سے زائد پھول کھلنے کی توقع ہے۔ اس بارے میں فلوریکلچر آفیسر اور ٹولپ گارڈن کے انچارج جا وید مسعود نے آکاشوانی نیوزسرینگر کو بتایا۔

پولیس

*.... ہندواڑہ پولیس نے غیر قانونی سرگرمیوں پر روک لگانے کی ایک کاروائی کے تحت دس گاڑیوں کو ضبط کر لیا ہے ۔ اسی دوران ہندواڑہ پولیس نے کرال گنڈ قاضی آباد علاقے میں عوامی رابطہ کاری کے تحت ایک لوک دربار منعقد کیا ، جس دوران مقامی لوگوں کے مسائل کی سماعت کی گئی ۔

*.... دریں اثناءگاندربل پولیس نے گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول کُھرہامہ میں اپنے سوک ایکشن میموریل والی بال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا ہے ۔ ٹورنامنٹ میں Martyrs پروگرام کے تحت پولیس ضلع بھر کی آٹھ ٹیموں نے شرکت کی ۔ فائنل میں وَتلار کی ٹیم نے فتح پور ہ کی ٹیم کو ایک کے مقابلے دو کے سکور سے ہرا دیا ۔

ICC

چمپئنز ٹرافی جیت لی ہے ۔ دبئی ICC بھارت نے مردوں کے کرکٹ میں نیو زی لینڈ کو ہرا کر انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے فائنل میں بھارت نے نیو زی لینڈ کو چار وِکٹ سے شکست دی ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔ البتہ بڑی گاڑیوں کو صرف جموں سے سرینگر کی طرف چلنے کی اجازت ہے ۔

اُدھر سرینگر کرگل روڈ// بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اورسنتھن کشتواڑ روڈ ابھی تک ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ